# ۵۔ ابرِ کرم

محمد حسین آزادؔ

8P2NJQ

**پہلی بات:** ہمارے ملک میں زراعت روزگار کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ کھیتوں میں کسانوں کی محنت و مشقت سے اناج اُگتا ہے جس سے ملک بھر کے لوگوں کی غذائی ضرورت پوری ہوتی ہے۔ برسات آنے سے پہلے کسان بادلوں کو بڑی اُمید کے ساتھ دیکھتا ہے کہ یہی بارش جہاں ان کے کھیتوں کو سرسبز و شاداب کرتی ہے، وہیں مخلوقات کے لیے نعمتِ خداوندی ثابت ہوتی ہے۔

**جان پہچان:** محمد حسین آزاد ۱۰؍جون ۱۸۳۰ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ اُردو کے مشہور صاحبِ طرز انشا پرداز گزرے ہیں۔ فارسی زبان پر انھیں کامل عبور حاصل تھا۔ ایران کے سفرنامے نے ان کے فارسی، فارسی زبان و ادب کو اور جلا بخشی۔ آزادؔ اُردو میں تمثیل نگاری کے اہم ستون ہیں۔ نیرنگِ خیال ان کے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں تمثیل نگاری کے کامیاب نمونے موجود ہیں۔ 'آبِ حیات' میں انھوں نے اُردو کے قدیم شعرا کے متعلق اہم معلومات جمع کی ہے۔ 'آبِ حیات، دربارِ اکبری' اور 'سخن دانِ فارس' ان کی اہم تصانیف ہیں۔ ۲۲؍جنوری ۱۹۱۰ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا۔

چلنا وہ بادلوں کا زمیں چوم چوم کر
اور اُٹھنا آسماں کی طرف جھوم جھوم کر
بجلی تو دیکھو، آتی ہے کیا کوندتی ہوئی
سبزے کو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا روندتی ہوئی
لو، بادل اب گرجتے ہوئے سر پہ آ گئے
اور شامیانے شرق سے تا غرب چھا گئے
کیا مست آیا جھوم کے، سرشار ابر ہے
برسے گا آج خوب، دھواں دھار ابر ہے
بوندوں میں جھومتی وہ درختوں کی ڈالیاں
اور سبز کیاریوں میں وہ پھولوں کی لالیاں
وہ ٹہنیوں میں پانی کے قطرے ڈھلک رہے
وہ کھاڑیاں بھری ہوئی، تھالے چھلک رہے
گرنا وہ آبشار کی چادر کا زور سے
اور گونجنا وہ باغ کا پانی کے شور سے
جل تھل ہیں کوہ و دشت میں تالاب آب کے
گویا چھلک رہے ہیں کٹورے گلاب کے


**خلاصہ:** اس نظم میں شاعر نے برسات کے موسم کی منظرکشی کی ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ بادلوں کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے گویا وہ زمین کو چوم کر جھومتے ہوئے آسمان کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ بجلی کوند رہی ہے۔ ہوا سبزے کو روندتی ہوئی چلی جارہی ہے۔ بادل گرجتے ہوئے مشرق سے مغرب تک چھا گئے ہیں۔ ساون کی گھٹا کو دیکھ کر لگتا ہے موسلا دھار بارش ہوگی۔ بارش شروع ہونے کے بعد جنگلوں میں درختوں کی شاخیں لہرا رہی ہیں۔ کہیں آبشار کی گرج ہے، کہیں بارش کا شور۔ میدان اور پہاڑ سب پانی سے شرابور ہو چکے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے گویا گلاب کے کٹورے چھلک رہے ہیں۔

## معانی و اشارات


| لفظ | معنی | English |
|---|---|---|
| کوندنا | چمکنا | Flash, lighting |
| روندنا | کچلنا | Trod |
| شامیانہ | سائبان | Canopy |
| مشرق سے تا غرب | مشرق سے مغرب تک | East to West |
| سرشار | نشے میں چور، مست | Intoxicated |
| دھواں دھار | تیز، پرزور | Raining heavily |
| لالی | سرخی | Redness |
| ڈھلکنا | ٹپکنا | Drip |
| تھالا | پانی کا گڑھا | Puddle |
| آبشار | پانی کا جھرنا جو بلندی سے گرے | Waterfall |
| کوہ و دشت | پہاڑ اور جنگل | Mountains & woods |
| جل تھل ہونا | ہر طرف پانی جمع ہونا | Excess of water |

## مشقی سرگرمیاں

✦ 'جان پہچان' کی مدد سے معروضی معلومات پر مبنی شجری خاکہ مکمل کیجیے۔




✦




✦ نظم سے چار ہم صوتی الفاظ کی جوڑیاں تلاش کر کے لکھیے۔

✦ نظم سے وہ شعر تلاش کر کے لکھیے جس میں سمت کا تذکرہ آیا ہے۔

✦ 'پہلی بارش اور میں' عنوان پر پندرہ سطروں کا مضمون لکھیے۔

✦ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| بجلی | جل تھل کوہ و دشت ہیں |
| ہوا | آتی ہے کوندتی ہوئی |
| بادل | برسے گا آج خوب |
| ابر | گرجتے ہوئے سر پہ آ گئے |
| تالاب | سبزے کو روندتی ہوئی |

✦ ایک دوسرے سے تعلق پہچان کر مناسب لفظ لکھیے۔

ا۔ ہوا : ٹھنڈی ٹھنڈی :: ابر : ........................

۲۔ تالاب : ...................... :: قطرے : ٹپ ٹپ

✦ کیا مست آیا جھوم کے سرشار ابر ہے
برسے گا آج خوب، دھواں دھار ابر ہے

شعر کی مدد سے بارش کے پہلے کی منظرکشی کیجیے۔

✦ گرتا وہ آبشار کی چادر کا زور سے
اور گونجتا وہ باغ کے پانی کا شور سے

اس شعر کی مدد سے بارش کے بعد کا منظر بیان کیجیے۔

✦ نظم سے صنعتِ تشبیہ کا شعر نقل کیجیے۔